08-01-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکز ،آندھراپردیش حکومت کے ساتھ مل کر سال 2047ءتک 2.7 ٹریلین ڈالر کا نشانہ حاصل کرے گا اور سال 2047ءتک سورنا آندھراپردیش کا مقصد بھی حاصل کیا جائے گا۔

۲۔سینئر آئی اے ایس آفیسر وسابق چیف سکریٹری برائے بلدی نظم ونسق وشہری ترقیات اروند کمار، فارمولا ای ریس کیس کے تحت اے سی بی کے روبرو حاضر ہوئے۔

۳۔تلنگانہ ہائی کورٹ نے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر کو کل اے سی بی آفس میں پوچھ تاچھ کے دوران اپنے وکیل کو ساتھ رکھنے کی اجازت دے دی ہے۔

۳۔ریاستی نائب وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ حکومت ،سیلف ہلپ گروپوں کو شامل کرتے ہوئے سولار پاور پلانٹس کے قیام کے ذریعہ خواتین کو بااختیار بنانے کے مقصد پر کام کررہی ہے۔

OO

ونپرتی کے ضلع کلکٹر والیکشن آفیسر آدرش سربھی نے کہا ہے کہ ای وی ایم ویر ہاوس کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جانی چاہئے۔کلکٹر نے ای وی ایم ویر ہاوس کے ماہانہ معائنہ کے تحت آج آر ڈی او آفس سے متصل ویر ہاوس کا معائنہ کیا۔انہوں نے اس موقع پر رجسٹرڈ، ویر ہاوس سیل اور پولیس کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر آر ڈی او سبرامنیم ،مقامی تحصیلدار رمیش ریڈی اور دوسرے بھی موجود تھے۔

OO

ریاست کی جنگلات، ماحولیات اورانڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا نے کانگریس کی ایم پی پرینکا گاندھی کے تعلق سے بی جے پی ایم پی رمیش بدھوری کے بیان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے مکمل طور پر نا قابل قبول قرار دیا۔سریکھا نے آج جاری کردہ ایک بیان میں اس بات پر زور دیا کہ سیاسی سطح پر خواتین کی عزت اوراحترام ضروری ہے۔انہوں نے بی جے پی قیادت سے مطالبہ کیا کہ اس معاملہ کا جائزہ لیا جائے اور پرینکا گاندھی سے عوامی سطح پر معذرت خواہی کرنے کے علاوہ خواتین کے احترام کے تعلق سے پارٹی کے ارکان کو تہذیب یافتہ بنایا جائے۔

OO

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا ملو نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت، سیلف ہلپ گروپوں کو شامل کرتے ہوئے سولار پاور پلانٹس کے قیام کے ذریعہ خواتین کو بااختیار بنانے کے نشانہ کو پورا کرنے کے لئے کام کررہی ہے۔مذکورہ سولار پاور پلانٹس سے ایک ہزار میگاواٹ برقی تیار کی جائے گی۔سولار پاور پلانٹس کے قیام کے لئے توانائی اور دیہی ترقیات کے محکمہ کے درمیان ایک معاہدہ کیا گیا ہے۔دو وزرا سیتا اکا اور کونڈا سریکھا کے ساتھ ضلع واری سطح پر جاری پیشرفت کا جائزہ لیتے ہوئے بھٹی وکرامارکا نے آج حیدرآباد میں واقع پرجا بھون میں ایک ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کی اندراماں حکومت نے پانچ سال کے دوران ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ خواتین کے گروپوں کی سہولت کے لئے منصوبے بنائے جائیں اورانہیں سہولتیں فراہم کی جائیں۔بھٹی وکرامارکا نے اضلاع کے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ سیلف ہلپ گروپوں کی حدود میں زمینات کی نشاندہی کی جائے اور حکومت کی دستیاب اراضی کا جائزہ لیا جائے تا کہ سولار پاور پلانٹس قائم کئے جاسکے۔

○○

فضائیہ کے سربراہ امر پریت سنگھ نے آج نئی دہلی میں نیشنل کیڈٹ کارپس (این سی سی) یوم جمہوریہ کیمپ 2025ء میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ این سی سی قوم کوایک دوسرے کے قریب لاتے ہوئے زبردست کام کررہی ہے۔امر پریت سنگھ نے اس بات پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ این سی سی نوجوان ذہنوں کا ایک بڑا مرکز ہے جوقوم کی تعمیر کے لئے تربیت حاصل کررہے ہیں۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ہندوستانی فضائیہ کی جانب سے ٹریننگ اور دیگر پروگراموں کے ذریعہ این سی سی کی ہرممکن مدد کی جائے گی۔

○○

ترومالا تروپتی دیواستھانم (ٹی ٹی ڈی) نے آج اس بات کا انتباہ دیا ہے کہ بھکتوں کوگمراہ کرنے والی جھوٹی اطلاعات فراہم کرتے ہوئے ان کے احساسات کومجروح کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ٹی ٹی ڈی نے اُس وقت یہ وارننگ جاری کی جب بعض سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر یہ ویڈیو وائرل ہوا کہ ای ڈی نے ٹی ٹی ڈی کے پی آر کی حیثیت سے خدمات انجام دینے والی مبینہ نشا کا بیگم کے مکان پر دھاوا کیا ہے۔مبینہ نے پچھلی حکومت کے دوران اس عہدہ پر خدمات انجام دی تھیں۔ٹی ٹی ڈی نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ اِس خبر میں کوئی سچائی نہیں ہے، جبکہ اس طرح کی کسی شخصیت نے پی آر او کی حیثیت سے کبھی خدمات انجام نہیں دیں اور پوسٹ کردہ ویڈیو کلپ کا ٹی ٹی ڈی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

○○

حمل ونقل اور قومی شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ سال 2024ء کے دوران سڑک حادثات کی بناپر تقریباً 1.80 لاکھ اموات ہوئیں۔نئی دہلی میں کل روڈ سیفٹی کے موضوع پر ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے وزرائے ٹرانسپورٹ کے ساتھ ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے گڈکری نے کہا کہ تقریباً 30 ہزار افراد ہیلمٹ نہ پہننے کی بناپر ہلاک ہوگئے۔گڈکری نے مزید کہا کہ 66 فیصد ہلاکتیں، 18 سے 34 سال کی عمر والے افراد کی ہوئیں۔انہوں نے کہا کہ اسکولوں اور کالجوں کے پاس مناسب انتظامات نہ ہونے کی بناپر تقریباً 10 ہزار بچے فوت ہوگئے۔ گڈکری نے اس بات کواجاگر کیا کہ سڑک حادثات کے متاثرین کے لئے بلانقد علاج کی اسکیم متعارف کرائی گئی ہے۔ اس اسکیم کے تحت حکومت سڑک حادثات کے متاثرین کا تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپے کے ذریعہ علاج کرائے گی جبکہ ہیٹ اینڈ رن کیسس میں متاثرین کا تقریباً دولاکھ روپے کے ذریعہ علاج کرایا جائے گا۔نتن گڈکری نے اس بات کا بھی اعلان کیا کہ ڈرائیور ٹریننگ اداروں کے لئے قومی سطح پر ایک اسکیم شروع کی گئی ہے۔

○○

سینئر آئی اے ایس آفیسر اور سابق چیف سکریٹری برائے بلدی نظم ونسق وشہری ترقیات اروند کمار آج حیدرآباد میں واقع بنجارہ ہلز میں اینٹی کرپشن بیورو کے ہیڈکوارٹرس پر حاضر ہوئے۔اے سی بی کے عہدیداروں نے فروری 2023ء میں حیدرآباد میں منعقدہ فارمولا ای ریس میں ہوئی مبینہ مالی بے قاعدگیوں کے تعلق سے ان سے پوچھ تاچھ کی۔ اسی دوران سابق چیف انجینئر ایچ ایم ڈی اے، بی ایل این ریڈی بھی انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے روبرو حاضر ہوئے جیسا کہ اس ایجنسی نے ان کے خلاف کیس درج کیا ہے۔دوسری جانب تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کو فارمولا ای ریس معاملہ میں اپیل دائر کرنے کی اجازت دی۔

○○

تلنگان ہائی کورٹ کے جسٹس کے لکشمن نے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کو کل اے سی بی آفس میں پوچھ تاچھ کے دوران ایک وکیل کو ساتھ رکھنے کی اجازت دے دی ہے۔ راما راؤ کی جانب سے اس سلسلہ میں داخل کردہ ایک اپیل کی سماعت کرتے ہوئے عدالت نے کہا کہ بی آر ایس لیڈر کے سینئر وکیل کو پوچھ تاچھ کے دوران ان کے ساتھ بیٹھنے کی اجازت دی جانی چاہیئے۔

○○

آپریشن اسمائیل کے ذریعہ 11 بچوں کو بچالیا گیا۔ اسمائیل 11 ٹیم نے آج ضلع گدوال میں یہ کارروائی کی۔ آپریشن اسمائیل 11 ٹیم نے جانچ کے دوران پایا کہ پرشورام نامی ایک شخص اپنے فام ہاوس میں بچوں سے کام لے رہا تھا۔ ایس آئی کیشو راوٗ، لیبر آفیسر موہن، چائلڈ ہلپ لائن آفیسر کلاوتی کی قیادت میں کارروائی کرتے ہوئے پرشورام کو گرفتار کرلیا گیا۔ پوچھ تاچھ پر اس نے بتایا کہ وہ بچوں سے کام لینے کے لئے انہیں فی کس ڈھائی سو روپے ادا کر رہا تھا۔

○○

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج پارٹی کیڈر سے کہا ہے کہ نئے سال میں بھی دھوکے باز کانگریس حکومت کے خلاف اپنی لڑائی جاری رکھیں۔ کے ٹی آر نے کہا کہ ان کے خلاف دائر کردہ جھوٹے مقدمات کو نظرانداز کیا جائے اور ریاست میں مختلف طبقات اور کسانوں کو دھوکہ دینے پر کانگریس حکومت کی پول کھولنے پر توجہ دی جائے۔ کے ٹی آر نے فارمولا ای ریس کیس کو سیاسی طور پر انہیں نقصان پہنچانے کی کارروائی قرار دیا۔

○○

تلنگانہ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ ہائیڈرا کے لئے سکندرآباد کے بدھا بھون میں واقع بی بلاک میں ایک خصوصی پولیس اسٹیشن قائم کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ ایک سرکاری حکم نامہ کے ذریعہ کیا گیا جسے اسپیشل چیف سکریٹری روی گپتا نے جاری کیا۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی نے آج شام آندھراپردیش کے شہر وشاکھاپٹنم میں 2 لاکھ کروڑ روپۓ سے زائد لاگت کے مختلف پراجکٹس کا سنگ بنیاد رکھا۔ ریاست میں تلگودیشم کی زیر قیادت این ڈی اے حکومت کے قیام بعد پہلی بار پہلا دورہ کرتے ہوئے مودی نے ایک روڈ شو منعقد کیا اور عوامی جلسہ سے خطاب کیا۔ روڈ شو اور جلسہ میں وزیر اعلی چندرا بابو نائیڈو، نائب وزیر اعلی پون کلیان اور پارٹی کی ریاستی صدر پوردیشوری بھی موجود تھیں۔ مودی نے وشاکھاپٹنم میں ساؤتھ کوسٹ ریلوے زون (ایس سی او آر) کے لئے ہیڈکوارٹرس کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس سے اے پی تنظیم جدید قانون 2014 کے تحت ریاست کا دیرینہ خواب پورا ہوگا۔ اس کے علاوہ مودی نے ضلع اناکاپلے کے منڈل اتچوتاپورم میں این ٹی پی سی گرین انرجی لمیٹڈ کے گرین ہائیڈروجن مرکز کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ نیز انہوں نے آندھراپردیش میں مختلف روڈ اور ریلوے پراجکٹس بھی لانچ کئے۔ ان پراجکٹس کی لاگت 19 ہزار 500 کروڑ روپے ہے۔ مودی نے ضلع اناکاپلے میں نکاپلی کے مقام پر ایک بلک ڈرگ پارک کے تعمیری کاموں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ اس سے پہلے آئی این ایس دیگا پر آمد کے بعد وزیراعظم کا وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو اور دیگر عہدیداروں نے خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر ریاستی گورنر عبدالنذیر، وزیر اعلیٰ، نائب وزیر اعلیٰ، شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو، مملکتی وزیر بھوپتی راجو اور دیگر وزراۓ کے علاوہ بی جے پی ایم پی رمیش بھی موجود تھے۔

○○

نئی دہلی میں آج ایک قوم، ایک الیکشن کے دو بلوں کے تعلق سے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی (جے پی سی) کی پہلی میٹنگ منعقد ہوئی۔ اِن بلوں کو سرکاری طور پر دستور کا نام دیا گیا ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کمیٹی کے چیرپرسن و بی جے پی ایم پی، پی پی چودھری نے کہا کہ کمیٹی تمام فریقین کی باتوں کو سننے کی کوشش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سب کے ساتھ مل کر کوئی فیصلہ کیا جائے گا۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکز، آندھرا پردیش حکومت کے ساتھ مل کر سال 2047ء تک 2.7 ٹریلین ڈالر کا نشانہ حاصل کرے گا اور سال 2047ء تک سورنا آندھرا پردیش کا مقصد بھی حاصل کیا جائے گا تاکہ وکست بھارت کو حاصل کیا جاسکے۔ وشاکھاپٹنم میں مختلف ترقیاتی پراجکٹس کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد مودی نے ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آندھرا پردیش ایک امکانات اور مواقع کی ریاست ہے اور اس نے تکنالوجی کے میدان میں پہلے ہی کئی قدم آگے بڑھا لئے ہیں۔

○○